ممتاز قانون داں شریف الدین پیرزادہ کی لندن میں ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات

ملاقات میں ملک کو درپیش خطرات، سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

لندن۔۔۔ 23 اگست 2009ء

ممتاز قانون داں شریف الدین پیرزادہ نے امریکہ جاتے ہوئے لندن میں اپنے مختصر قیام کے دوران متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی ۔ ملاقات میں ملک کو درپیش خطرات، سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ملکی وسلامتی و بقاءاور جمہوریت کے استحکام کیلئے افہام وتفہیم کے رویہ کو اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، طارق جاوید، سلیم شہزاد، آصف صدیقی اور مصطفٰے عزیز آبادی بھی موجود تھے۔

چوہدری نثار علی خان کے بھائی افتخار علی خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما وقومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف چوہدری نثار علی خان کے بھائی افتخار علی خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن سردار آصف احمد علی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔23، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیپلز پارٹی کے سابق وفاقی وزیر اور ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن سردار آصف احمد علی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

حق پرست عوام، محترمہ امت العزیز اور محترمہ بلقیس حسن کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔23، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن علی مرتضیٰ کی دادی محترمہ امت العزیز اور آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن عثمان خان کے بہن بلقیس حسن کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ امت العزیز اور محترمہ بلقیس حسن کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں۔

بلدیاتی نظام کے تحت نچلی سطح تک اختیارات میں عوام کو حصہ ملا ہے جو کہ جمہوریت کی اصل روح ہے، فرخ اعظم

کراچی۔۔۔23 / اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا کہ موجودہ بلدیاتی نظام کے تحت نچلی سطح تک عوام کو اختیارات میں حصہ ملا ہے جو کہ جمہوریت کی اصل روح

ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اولڈ ملیر مراد میمن سیکٹر، بن قاسم سیکٹر اور ابراہم حیدری سیکٹر کے دوروں کے موقع پر منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ بلدیاتی نظام کے تحت جو ترقیاتی کام ہوئے ہیں اس سے قبل کسی دور میں نہیں ہوئے ہیں اور صرف اس نظام کو ڈکٹیٹر کا نظام کہ کر ختم کر جمہوریت اور عوام کے ساتھ سب سے بڑا ظلم ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلدیاتی نظام کو ڈکٹیٹر کا نظام کہ کر ختم کرنے کی باتیں کی جارہی ہیں تو پھر صوبائی اور قومی اسمبلیاں بھی ڈکٹیٹر کے زیرنگرانی بنائی گئی ہیں لہٰذا ان اسمبلیوں کو بھی ختم کر دینا چاہیے۔ فرخ اعظم نے کہا کہ بلدیاتی نظام میں جمہوریت کا حسن موجود ہے اور اس نظام کو بچانے کیلئے ہر محبّ وطن شہری کو اپنا عملی کردار ادا کرنا چاہئے۔

محبان پاکستان ریاض یونٹ کا اجلاس، پاکستان کی مجموعی صورتحال اور جمہوریت کے فروغ سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال

ریاض۔۔۔23/اگست 2009ء

محبان پاکستان ریاض یونٹ کا اجلاس گزشتہ روز ہوا۔ اجلاس میں ریاض یونٹ کے ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں پاکستان کی مجموعی صورتحال، جمہوریت کے فروغ اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں رمضان المبارک کی آمد پر تمام پاکستانیوں کو دلی مبارکباد بھی پیش کی گئی۔

ایم کیوایم سائٹ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی سیکٹر سائٹ ٹاؤن یونٹ یوسی 9 کے کارکن ڈاکٹر شیر علی آفریدی کی والدہ محترمہ حسن مینا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆